سوال

(134) کیا عید کی نماز عورتوں کو علیحدہ پڑھنی جائز ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک دفعہ آپ نے زبان مبارک سے فرمایا تھا کہ عورتوں کو عید کی نماز کرانی جائز نہیں تحریر فرمادیں کہ دوسری نماز کی جماعت جُدا اُن کو جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مطلق امامت اور جماعت کرانا عورتوں کو منع نہیں عورتوں کے واسطے عورتوں کی امامت جائز ہے۔ مگر آگے کھڑی نہ ہوئے سب کے بیچ کھڑی ہووے، عید عورتوں کو علیحدہ پڑھنی خلاف سنّت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصحابہ کرام وسلف صالحین سے اس کا کوئی ثبوت نہیں بلکہ یہی تاکید ہے، کہ عورتیں بھی عید گاہ میں حاضر ہوجاویں اور مردوں کی نماز میں شامل رہیں، حیض والی بھی دعا اور تکبیرات میں شامل رہیں مگر نماز کی جگہ سے جدا رہیں، صحیح بخاری کی کتاب العیدین میں دیکھو۔ حررہ عبدالجبار بن عبداللہ الغزنوی (فتاوٰی غزنویہ ص ۴۷)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 3 ص 37

محدث فتویٰ